# تقسیم اعداد

## درجہ نہم و دہم (IX & X)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱- درسی کتاب حصہ نظم | 15 | = | (5+6+4) |
| ۲- درسی کتاب حصہ نثر | 15 | = | (5+6+4) |
| ۳- معاون درسی کتاب | 18 | = | (8+5+5) |
| ۴- قواعد | 18 | = | (5+5+5+3 ) |
| ۵- مضمون نویسی | 08 | | |
| ۶- خط نویسی یا عرضی نویسی | 08 | | |
| ۷- پیراگراف نویسی | 06 | | |
| ۸- غیر نصابی متن اور اس سے متعلق سوالات | 06 | | |
| ۹- غیر نصابی متن (نثر یا نظم) کی تشریح | 06 | | |
| | 100 | | |

ہدایات

(۱) درسی کتاب سے حصۂ نظم اور حصۂ نثر سے پانچ علاحدہ معروضی سوالات (5+5=10) نمبر کے پوچھے جائیں گے۔ حصۂ نظم اور نثر کے اسباق سے متعلق علاحدہ علاحدہ (6+6=12) نمبر کے متن سے واقفیت کو نگاہ میں رکھتے ہوئے سوالات پوچھے جائیں گے۔ حصۂ نظم اور نثر سے علاحدہ علاحدہ تشریح کی غرض سے (4+4=08) نمبر کے سوالات پوچھے جائیں گے۔

(۲) معاون درسی کتاب سے 08 نمبر کے معروضی سوالات پوچھے جائیں گے۔ اس کے علاوہ (5+5=10) نمبر کے دو سوالات معاون درسی کتاب کے متن سے پوچھے جائیں گے۔

(۳) قواعد سے 5 (جنسیت یا محاورات وضرب الامثال)، 5 (واحد وجمع)، 5 (اضداد) اور 3 (تعریفات) = 18 نمبر کے سوالات پوچھے جائیں گے۔

(۴) مضمون نویسی کے لیے 08 نمبر مخصوص ہوگا۔ اسی طرح خط نویسی یا درخواست نویسی کے لیے بھی 8 نمبر مخصوص ہوں گے۔

(۵) کسی موضوع کے تعلق سے ایک مختصر پیراگراف لکھنے کے لیے 6 نمبر مخصوص ہوں گے۔ کسی غیر نصابی متن (Unseen) پر 06 نمبر کے معروضی سوالات پوچھے جائیں گے۔

(۶) کسی غیر نصابی متن (Unseen) میں نثر یا نظم کے اقتباسات پیش کر کے ان کی تشریح کرائی جائے گی۔ اس کے لیے 06 نمبر مخصوص ہوں گے۔

(۷) ہر سوال کے لیے متعدد متبادل سوالات (کم از کم چار) ضرور دیے جائیں گے۔

## نصابی کتابوں کے خاکے

### درجہ IX

نثر:

تین افسانے
دو دوسری زبانوں کی کہانیاں
تین علمی مضامین
ایک طبی مضمون (بلڈ پریشر اور ذیابیطس وغیرہ پر)
داستان سے اقتباس
خودنوشت سے اقتباس
انشائیہ
یادنگاری
خطبہ
سوانح
تنقید
سفرنامہ
متعدد نثری اصناف سے مثالیں

شاعری:

حمد
طویل نظم سے اقتباس
ظریفانہ نظم
قطعات
ایک گیت
پانچ غزلیں
ایک مرثیہ
ایک قصیدہ
ایک مختصر مثنوی یا طویل مثنوی کا منتخب حصہ
چھ رباعیات
دیگر شعری اصناف سے مثالیں

### درجہ X

نثر:

تین علمی مضامین (+ ایک فاصلاتی نظام تعلیم کی اہمیت پر)
ایک ظریفانہ مضمون
تین افسانے
دو غیر ملکی زبانوں کی کہانیاں
ایک ڈراما
ناول سے اقتباس
انٹرویو
خطبہ
ایک خاکہ
تین مکاتیب
چند نثری اصناف کے نمونے

شاعری:

نعت
نظمیں
ایک مزاحیہ نظم
نثری نظمیں
غزلیں چھ (پانچ + ایک مزاحیہ غزل)
شہر آشوب = ایک
مثنوی = ایک
رباعیات = آٹھ
دوہے = ۲۰ (دو شاعروں کے دس دس دوہے)
دوسری شعری اصناف سے حسب ضرورت مثالیں

## انسانی اقدار اور دیگر موضوعات

کفایت شعاری، منصوبہ بندی، معروضیت، عقلیت، دنیا میں ہندستان کی اہمیت، انسانی حقوق اور فرائض، جدید ایجادات، آبادی کا مسئلہ، ذمہ دار شہری، سائنسی ترقیات، عہد قدیم کا ہندستان، جنگ آزادی

# قواعد کے اجزاء

## برائے درجۂ نہم و دہم

(۱) کلمہ اور اس کی قسمیں
(۲) اسم اور اس کی قسمیں
ضمیر اور اس کی قسمیں
(۳) صفت اور اس کی قسمیں
(۴) فعل اور اس کی قسمیں
فعل ماضی اور اس کی قسمیں
متعلق فعل
(۵) جملہ اور اس کی قسمیں
(۶) حروف ربط، عطف، تخصیص، فجائیہ
(۷) سابقے اور لاحقے
(۸) مترادفات
(۹) محاورے اور ضرب الامثال
(تعریف اور جامع فہرست)
(۱۰) اعراب کے فرق سے معنی کا فرق
(۱۱) اضداد کی جامع فہرست
(۱۲) واحد جمع کی جامع فہرست
(۱۳) اعراب، علامات اور ان کا استعمال
(۱۴) مطلع، حسن مطلع، قافیہ، ردیف اور مقطع کی تعریف
(۱۵) مختلف اصناف ادب (نثر و نظم)
(۱۶) خطوط نویسی
(۱۷) مضمون نگاری

# معاون درسی کتابیں

## Supplementary Readers

طلبہ کی گوناگوں دلچسپیوں میں اضافہ کی غرض سے درسی کتابوں کے ساتھ خصوصی موضوعات پر مختصر معاون درسی کتابوں کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے چھٹی سے بارہویں جماعت تک ہر سطح پر ایک ایک معاون درسی کتاب شامل نصاب کی گئی ہے۔ طلبہ کی ضرورتوں کو دھیان میں رکھتے ہوئے ان کے موضوعات اور دائرۂ کار کا تعین کیا گیا ہے۔

## برائے درجۂ نہم : ہندستان کی قومی تحریک کی تاریخ

اسکولی تعلیم میں قومی تحریک کی تاریخ بار بار اور مختلف جہات سے پڑھانے کا ایک مقصد یہ ہے کہ طالب علم اپنے ملک کی تعمیر نو کے مسائل و مباحث سے کما حقہ واقف ہوسکیں۔ نویں کلاس میں ہندستان کی قومی تحریک کی مختصر تاریخ شامل کرتے ہوئے اس بات کا بھی خیال رکھا گیا ہے کہ بہار میں خاص طور پر جو سرگرمیاں رہیں، انھیں بھی خصوصی اہمیت دے کر واضح کیا جائے۔

## کتاب کا خاکہ

(۱) ہندستان میں انگریزوں کی آمد اور مغلیہ سلطنت کا زوال
(۲) 1857 کا انقلاب
(۳) سماجی اور تعلیمی تحریکیں
(۴) انڈین نیشنل کانگریس کی بنیاد
(۵) مسلم لیگ اور دیگر سیاسی جماعتوں کی بنیاد
(۶) خلافت تحریک
(۷) تحریک ترک موالات
(۸) تحریک عدم تعاون
(۹) مہاتما گاندھی کی قیادت میں قومی تحریک کی سرگرمیاں
(۱۰) بھگت سنگھ اور دیگر انقلابی رہنما
(۱۱) بھارت چھوڑو تحریک
(۱۲) تقسیم ملک اور آزادی
(۱۳) بہار میں قومی تحریک کے مختلف پڑاؤ
(الف) 1857 کا انقلاب
(ب) سنتھال بغاوت
(ج) چمپارن ستیہ گرہ
(د) خلافت تحریک
(ہ) 1942 کی تحریک
(۱۴) کانگریس اور مسلم لیگ کی سیاست
(۱۵) فرقہ وارانہ فسادات

## برائے درجۂ دہم : بیسویں صدی کا ہندستانی ادب

دسویں کلاس میں بچوں کی ادبی تربیت کی غرض سے غیر اردو زبانوں کے تخلیقی ادب کا ایک انتخاب معاون درسی کتاب کے طور پر نصاب میں شامل کیا گیا ہے۔ اپنی تعلیمی زندگی میں طلبہ اردو، ہندی اور انگریزی کے ادب سے تو واقف ہو جاتے ہیں لیکن ہندستان جیسے کثیر لسانی معاشرے کے بارے میں ان کے پاس زیادہ جانکاری نہیں ہوتی۔ اس کتاب کا مقصد اس طرح سے قائم ہوگا کہ ہندستان کی تمام اہم زبانوں کے افسانے اور منتخب شاعری واضح تعارفات کے ساتھ درج نصاب ہوں۔ اس کتاب کو پڑھنے کے بعد دسویں میں پڑھنے والا ہمارا طالب علم ہندستانی سماج کی رنگا رنگ تہذیبی، ثقافتی اور ادبی کیفیتوں سے واقف ہو سکے گا۔

## کتاب کا خاکہ

۱- ہندستانی ادب کا تصور
۲- کہانیاں :
(الف) تکشی شیو شنکر پلے (ملیالم)
(ب) پنالال پٹیل (گجراتی)
(ج) یو. آر. اننت مورتی (کنڑ)
(د) مہاشویتا دیوی (بنگلہ)
(ہ) اندرا گوسوامی (آسامی)
(و) گووند جھا (میتھلی)
(ز) دیگر زبانوں کی کہانیاں بھی شامل کی جاسکتی ہیں۔
۳- شاعری :
(الف) امرتا پریتم (پنجابی)
(ب) ارون کلکر (مراٹھی)
(ج) سیتا کانت مہاپاتر (اڑیا)
(د) ششیندر شرما (تلگو)
(ہ) کے. سچدانندن (تلگو)
(و) دوسری زبانوں کے شعری ادب کے تراجم کو بھی حسب ضرورت کتاب میں شامل کیا جاسکتا ہے۔

https://www.freshersnow.com/category/govt-boards/board-syllabus/